Press Release – 23rd November 2020

بینک آف پنجاب اور فرائز لینڈ کیمپینا اینگرو پاکستان لمیٹڈ
کے مابین ڈیری فارمرز کو آسان ترین شرائط پر قرضہ جات کی سہولت کا معاہدہ

پاکستان میں ڈیری کے شعبہ کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بینک آف پنجاب اور فرائز لینڈ کیمپینا اینگرو پاکستان لمیٹڈ نے ڈیری فارمنگ سے منسلک افراد کو آسان شرائط اور کم ترین شرحِ مارک اپ پر قرضہ کی فراہمی کی غرض سے معاہدہ کیا ہے۔
اُس سے تحت ڈیری فارم بنانے اور اسے چلانے کے لیے بینک آف پنجاب سے قرضہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ وزیرِاعظم کامیاب جوان سکیم اور پنجاب روزگار سکیم کے تحت درخواست دینے والے افراد بھی قرضہ کی سہولت سے مستفید ہو سکیں گے۔ صدر بینک آف پنجاب ظفر مسعود اور فرائز لینڈ کیمپینا اینگرو پاکستان لمیٹڈ کے سی ایف او عمران حسین نے مشترکہ بیان میں کہا کہ اس شراکت داری پر ہمیں بہت خوشی ہے اور ہم پُراُمید ہیں کہ اِس سہولت سے ملک بھر کے ڈیری فارمرز بھرپور فائدہ اُٹھائیں گے۔